SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario



# عارضی رہائشی ویزا(TRV) : زائرین، طلباء اور کارکنان

## عارضی رہائشی ویزا (TRV)کیا ہے؟

ٹی آر وی (TRV) ایک دستاویز ہے جو کینیڈین ویزا آفس کی طرف سے ان لوگوں کو جاری کیا جاتا ہے جو عارضی طور پر کینیڈا آنا چاہتے ہیں، جو مستقل رہائشی یا شہری نہیں ہیں۔ کچھ لوگ اسے "داخلہ ویزا" ("entry visa") کہتے ہیں۔

ایک ٹی آر وی (TRV) واحد داخلہ (سنگل انٹری) یا ایک سے زیادہ داخلہ (ملٹپل انٹری) ہوسکتا ہے، اور یہ چند مہینوں سے چند سالوں کی مدت کے لیے درست ہو سکتا ہے :

- واحد داخلہ (سنگل انٹری): آپ صرف ایک بار کینیڈا میں داخل ہو سکتی/سکتے ہیں اور آپ کو کینیڈا میں آپ کے منظور شدہ قیام کا وقت ختم ہونے سے پہلے وہاں سے جانا ہوگا۔ اگر آپ کینیڈا چھوڑتے ہیں، تو آپ کو نئے ویزا کے لیے درخواست دینا ہوگی۔
- ایک سے زیادہ داخلہ (ملٹپل انٹری): جب تک آپ کا ویزا درست ہے آپ کئی بار کینیڈا چھوڑسکتے ہیں اور داخل ہو سکتے ہیں۔ آپ ہر بار مختصر مدت کے لیے رہ سکتے ہیں (عام طور پر 6 ماہ تک)

آپ کے ٹی آر وی (TRV) کی موزونیت وہی __نہیں__ ہے جو کہ آپ کو کینیڈا میں رہنے کی اجازت کے وقت (جسے "قیام کی مجاز مدت" کہا جاتا ہے) دی گئی ہے۔ آپ اپنا ٹی آر وی (TRV) کینیڈا میں داخل ہونے کے لیے استعمال کرسکتے ہیں اور پھر:

- وزیٹر کے طور پر - آپ کو اس مدت تک قیام کرنے کا اختیار ہےجو مدت امیگریشن آفسر خاص طور پر درج کرتا ہے (جیسے آپ کے پاسپورٹ میں مہر)۔ اگر کچھ بھی درج نہیں ہے، تو آپ داخل ہونے کے بعد سے 6 ماہ تک رہ سکتے ہیں
- ایک طالب علم / غیر ملکی کارکن کے طور پر - آپ اپنے سٹڈی پرمٹ یا ورک پرمٹ پر درج وقت تک رہ سکتے ہیں

مثال:

آپ کے پاس ایک سے زیادہ داخلہ(ملٹیپل انٹری) ویزا ہے جو ظاہر کرتا ہے کہ اس کی میعاد 10 سال میں ختم ہو رہی ہے۔ جب آپ کینیڈا میں داخل ہوں، افسر آپ کو 6 ماہ تک رہنے کی اجازت دیتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ کو 6 مہینے ختم ہونے سے پہلے کینیڈا چھوڑ دینا چاہیے، لیکن آپ ٹی آر وی (TRV) کے لیے دوبارہ درخواست کیے بغیر مزید 6 ماہ کے لیے واپس آسکتے ہیں (جسے کبھی کبھی "انٹری ویزا" کہا جاتا ہے)۔ 10سال مکمل ہونے کے بعد، آپ اس وقت تک واپس نہیں آسکتے جب تک کہ آپ نئے ویزا کے لیے درخواست نہ دیں۔ اس کے علاوہ اگر آپ کینیڈا میں ایک وقت میں 6 ماہ سے زیادہ مدت کے لیے رہنا چاہتے ہیں، تو آپ کو 6 مہینے ختم ہونے سے پہلے اپنے قیام کی مدت میں توسیع کے لیے درخواست دینی ہوگی۔

SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

## ٹی آر وی (TRV) کے لیے کون اہل ہے؟

ٹی آر وی (TRV) کے لیے اہل ہونے کے لیے آپ کو وزیٹر، طالب علم، یا کارکن کے زمرے کے تحت درخواست دینی ہوگی۔

آپ یہ بھی کہ:

- جس زمرے کے تحت آپ درخواست دے رہے ہیں اس کی تمام ضروریات کو پورا کریں
- امیگریشن آفیسر کو قائل کریں کہ آپ کا کینیڈا میں قیام عارضی ہے (آپ کو اپنے قیام کی مجاز مدت کے اختتام پر کینیڈا چھوڑنا پڑے گا)۔ مثال کے طور پرآپ امیگریشن آفیسر کو دکھا سکتے ہیں کہ آپ کے آبائی ملک میں کافی تعلقات ہیں جیسے کہ نوکری، گھر، یا خاندان کے افراد اور اسی وجہ سے آپ کو واپس جانا ہوگا
- دکھائیں کہ آپ کے پاس کینیڈا میں اپنے قیام کے لیے کافی مالی وسائل ہیں (مثال: دورے کے لیے فنڈز، اسکول کی ادائیگی کے لیے رقم، رہائش کے لیے رقم وغیرہ)
- آپ کے ملک کی طرف سے جاری کردہ ایک درست پاسپورٹ یا دیگر سفری دستاویز رکھیں جو آپ کو سفر کرنے کی اجازت دیتا ہے۔
- کینیڈا میں داخل ہونے کے لئے ناقابل قبول نہ ہوں، یعنی آپ کو کینیڈا میں داخل ہونے یا رہنے سے منع نہیں کیا گیا ہے۔ مثال کے طور پراگر آپ کینیڈا کی حفاظت کے لیے خطرہ ہیں، آپ کا مجرمانہ ریکارڈ ہے، آپ کی صحت کے حالات ایسے ہیں جو کینیڈا کی صحت کی دیکھ بھال پر ضرورت سے زیادہ مطالبات پیدا کر سکتے ہیں، یا آپ عوامی صحت یا حفاظت کے لیے خطرہ ہیں، تو آپ کینیڈا کے لیے ناقابل قبول ہوسکتے ہیں۔

## وہ شرائط جو آپ کو بطور ٹی آر وی (TRV) ہولڈر پوری کرنی ہوں گی

- آپ کو اپنے قیام کی مدت کے اختتام پرچلے جانا چاہیے
- آپ قانونی اجازت کے بغیر کینیڈا میں کام یا تعلیم حاصل نہیں کرسکتے

## طبی معائنہ

آپ کو اپنی صحت کی حالت کا اندازہ لگانے کے لیے طبی معائنہ مکمل کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ اس کا تعین اس بنیاد پر کیا جائے گا کہ آپ کس قسم کے اجازت نامے کے لیے درخواست دے رہی/رہے ہیں، آپ کینیڈا میں کتنے عرصے تک رہنا چاہتی/چاہتے ہیں، اور آپ کس ملک سے درخواست دے رہے ہیں۔

SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

## اپلائی کرنے کا طریقہ

- اگر آپ وزیٹر کے طور پر کینیڈا میں رہ رہے ہیں، تو آپ کو عارضی رہائشی ویزا کے لیے درخواست جمع کروانے کی ضرورت ہے
- اگر آپ طالب علم یا کارکن کے طور پر آررہے ہیں، تو آپ کو سٹڈی پرمٹ (study permit) یا ورک پرمٹ (work permit) کے لیے درخواست جمع کروانے کی ضرورت ہے۔ آپ کو ٹی آر وی (TRV) کے لیے الگ سے درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ جب آپ اپنا مطالعہ یا ورک پرمٹ حاصل کرتے ہیں تو افسر ٹی آر وی (TRV) جاری کرتا ہے
- اگر آپ کینیڈا میں سٹڈی (study) یا ورک پرمٹ (work permit) پر ہیں اور آپ کے ٹی آر وی (TRV) کی میعاد ختم ہونے والی ہے یا ختم ہوچکی ہے تو آپ کینیڈا کے اندر سے ٹی آر وی (TRV) کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ کو اپنے آ ئی آر سی سی (IRCC) کے آن لائن اکاؤنٹ میں جانا ہوگا اور عارضی رہائشی ویزا درخواست کا انتخاب کرنا ہوگا
- اگر آپ سٹڈی (study) یا ورک پرمٹ (work permit) پر ہیں اور آپ کے ٹی آر وی (TRV) کی میعاد اس وقت ختم ہو گئی تھی جب آپ کینیڈا سے باہر تھے (مثال کے طور پر اپنے ملک میں گھر والوں سے ملنے کے دوران)، آپ کو کینیڈا واپس آنے کے لیے کینیڈا کے باہر سے وزیٹر ویزا کے لیے درخواست دینے کے عمل کی پیروی کرنا ہوگی

درخواست آن لائن جمع کرائی جانی چاہیے، لیکن کچھ استثنی ہیں جہاں آپ کاغذی درخواست کرسکتے ہیں۔ آپ کو آئی آر سی سی (IRCC) کی ویب سائٹ سے فارم حاصل کرنے کی ضرورت ہوگی۔ یہ یقینی بنانے کے لیے کہ آپ اپنی درخواست مکمل کرنے کے لیے صحیح فارم اور دستاویزات فراہم کریں، آپ کے لیے ایک چیک لسٹ بھی دستیاب ہے ۔

## درخواست کی فیس

- انفراد ی طور پر100ڈالر - یا ایک سے زیادہ (ملٹپل) یاواحد داخلہ(سنگل انٹری)
- پانچ افراد یا اس سے زیادہ کے خاندان کے لیےزیادہ سے زیادہ فیس500 ڈالر - واحد (سنگل) یا ایک سے زیادہ داخلہ (ملٹپل انٹری)

نوٹ کریں: اگر آپ ایک طالب علم یا کارکن ہیں جو کام یا مطالعہ کے اجازت نامے پر کینیڈا آ رہے ہیں، تو آپ کو اپنے ٹی آر وی (TRV) کے لیے کوئی اضافی فیس ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہو گی۔

## کینیڈا میں اپنے قیام کو بڑھانا

- اگر آپ دی گئی اجازت کی مدت کے بعد کینیڈا میں قیام کرتے ہیں ، تو آپ کی مزید کوئی ایمیگریشن حیثیت نہیں رہے گی۔

SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

- اگر آپ وزیٹر ہیں اور آپ کو 6 ماہ یا مختلف مدت تک رہنے کی اجازت دی گئی تھی (اگرآئی آر سی سی (IRCC) نے کچھ مختلف کہا ہے) تو آپ کو اپنے ویزا میں توسیع کرنی ہوگی۔ زائرین اپنے وزیٹر ریکارڈ میں توسیع کے لیے درخواست دے کر وقت ختم ہونے سے پہلے کینیڈا میں رہنے کے لیے اپنی اجازت میں توسیع کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ ایک طالب علم یا کارکن ہیں، تو آپ اپنے مطالعہ یا ورک پرمٹ کی توسیع کے لیے درخواست دے کر اپنے قیام کو بڑھا سکتے ہیں۔

**بحالی:** اگر آپ نے اپنے قیام کو وقت پر نہیں بڑھایا، تب بھی آپ اپنی کھوئی ہوئی حیثیت واپس حاصل کرسکتے ہیں۔ آپ کینیڈا میں رہنے کی اجازت کھونے کے **90 دنوں** کے اندر اندر ،اپنی حیثیت بحال کرنے کے لیے درخواست دےس سکتے ہیں۔

### کینیڈا کے اندر سے ٹی آر ویز (TRV s) حاصل کرنا

عام طور پر آپ کو اپنے آبائی ملک سے کینیڈا جانے، تعلیم حاصل کرنے یا کام کرنے کے لیے درخواست دینی پڑتی ہے اور پھر جب آپ یہاں ہوں تو آپ اپنے قیام کو بڑھانے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ کچھ معاملات میں امیگریشن کے قوانین آپ کو عارضی طور پر کینیڈا میں رہنے اور کینیڈا میں کام کرنے اور تعلیم حاصل کرنے کی اجازت دیتے ہیں جب آپ نے بغیر کسی حیثیت کے آغاز کیا ہو۔ مثال کے طور پر :

- پناہ گزین کے دعویدار اپنی درخواست پر فیصلے کا انتظار کرتے ہوئے کام یا مطالعہ کا اجازت نامہ حاصل کر سکتے ہیں
- تشدد کے حالات چھوڑنے والے افراد، خاندانی تشدد کے شکار افراد کے لیے عارضی رہائشی اجازت نامہ (TRP) کے لیے درخواست دے سکتے ہیں
- وہ درخواست دہندگان جنہوں نے انسان دوست(ہیومنیٹیریئن) اور ہمدردانہ وجہ (کمپیشنیٹ)کی بنیادوں پر مستقل رہائش کے لیے اپنی درخواست کا پہلا مرحلہ پاس کیا ہے (جسے "اصول میں منظوری (Approval In Principle) کہا جاتا ہے)، ورک پرمٹ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔